## میاں چنوں میں جعفرا یکسپریس کے اسکول وین سے ٹکرا جانے کے المناک حادثہ میں جاں بحق ہونے والے بچوں کے سوگوار لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار افسوس

## المناک حادثہ انتظامیہ کی غفلت اور لاپروائی کا نتیجہ ہے، الطاف حسین کی زخمی بچوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا

لندن۔۔۔13، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے میاں چنوں میں موسیٰ ورک کے قریب کوئٹہ سے آنے والی جعفرا یکسپریس کے اسکول وین سے ٹکرانے کے المناک حادثے میں متعدد بچوں کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ میاں چنوں میں پیش آنے والا المناک سانحہ انتظامیہ کی غفلت اور لاپروائی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ جعفرا یکسپریس اور اسکول وین کے درمیان ہونے والے تصادم کی تحقیقات کرائی جائے اور اس میں غفلت کے مرتکب افراد کے خلاف سخت قانونی چارہ جوئی کی جائے اور ملک بھر میں ایسی تمام جگہوں پر ریلوے پھاٹک بنائے جائیں تاکہ مستقبل میں اس قسم کے حادثات سے بچا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ جائے حادثے پر پھاٹک نہ ہونے کے باعث یہ حادثہ رونما ہوا۔ جناب الطاف حسین نے حادثے میں جاں بحق ہونے والے بچوں کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے بچوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے المناک حادثے میں زخمی ہونے والے بچوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## دہشت گرد بے گناہ انسانوں، خواتین حتیٰ کہ معصوم بچوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں اور کھلی دہشت اور بربریت کا مظاہرہ کر رہے ہیں

## ٹانک میں کھیل کے میدان میں ہونے والے بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔13، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹانک میں کھیل کے میدان میں ہونے والے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے کی سفاکانہ کارروائی میں متعدد معصوم بچوں کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان دہشت گرد ملک میں بم دھماکوں کے ذریعے بے گناہ انسانوں، خواتین حتیٰ کہ معصوم بچوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں اور اپنی دہشت اور بربریت کا کھلا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دہشت اور بربریت کے کھلے مظاہرے کے باوجود ملک میں موجود بعض عناصر کی جانب سے طالبان دہشت گردوں کی حمایت کرنا اور انہیں مدد و تعاون فراہم کرنا کھلی منافقت ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں پاکستان کے خلاف کام کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے بچوں کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمی بچوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ ٹانک میں کھیل کے میدان میں ہونے والے بم دھماکے اور معصوم بچوں کی شہادت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردوں کے مذموم عزائم کی تکمیل ہونے سے قبل ہی انہیں گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے اور عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## یوم شہادت حضرت امام زین العابدینؓ کے موقع پر شاہ فیصل کالونی سے نکلنے والے جلوس میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائم خانی، رکن رابطہ کمیٹی نیک محمد، صوبائی وزیر شیخ محمد افضل و دیگر کی شرکت

## ایم کیوایم کے وفد نے طبی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور زخمی عزاداران سے ملاقات کی

## جلوس میں شیعہ علمائے کرام نے شہر میں امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم کرنے کیلئے جناب الطاف حسین کی عملی خدمات کو سراہا

کراچی۔۔۔13، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ڈپٹی کنویز انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد، حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل نے گزشتہ روز یوم شہادت حضرت امام زین العابدینؓ کے موقع پر شاہ فیصل کالونی نمبر 1 سے نکلنے والے جلوس میں شرکت کی۔شاہ فیصل ٹاؤن کے حق پرست ناظم ارتضٰی فاروقی اور یوسی ناظمین وکونسلرز بھی ان کے ہمراہ تھے۔انیس قائم خانی اور ایم کیوایم کے ذمہ داران نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے جلوس کی گزرگاہ پر قائم طبی امدادی کیمپ اور سبیلوں کا دورہ کیا۔انہوں نے طبی امدادی کیمپ میں خدمات انجام دینے والے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو شاباش دی، جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے طبی امدادی کیمپ میں زخمی عزاداروں سے بھی ملاقات کی۔جلوس میں شامل شیعہ علمائے کرام اور انجمنوں نے شہر میں امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم کرنے کے سلسلے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی عملی خدمات کو سراہا۔انہوں نے جلوس میں ایم کیوایم کے وفد کی شرکت کا خیر مقدم کیا۔شیعہ علمائے کرام اور انجمنوں نے جلوس کی گزرگاہوں پر حق پرست ٹاؤن ناظم ارتضٰی فاروقی اور ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کی جانب سے صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور روشنی کے خصوصی انتظامات کرنے پر تحسین بھی پیش کیا۔

## قائد تحریک الطاف حسین ملک کو جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا کر مظلوم عوام کو ان کے حقوق دلانا چاہتے ہیں، ڈاکٹر علی حسین
## متحدہ قومی موومنٹ پورے پاکستانیوں کے مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے، افتخار اکبر رندھاوا
## پنجاب کے مظلوم عوام کو متحدہ کے پلیٹ فارم میں شامل کر کے ان کے حقوق دلائیں گے، سیف یار خان
## راولپنڈی میں ایم کیوایم اپر پنجاب کی تنظیم نو کے جلسے میں زونل کمیٹی کے اراکین کے ناموں کا اعلان

راولپنڈی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد تحریک جناب الطاف حسین اس ملک کو ترقی کی جانب لے جانا چاہتے ہیں اور ملک کو جاگیردارانہ نظام سے نجات دلا کر مظلوم عوام کو ان کے حقوق دلانا چاہتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بدھ کے روز راولپنڈی میں ایم کیوایم اپر پنجاب کی تنظیم نو کے موقع پر جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔جلسے سے ڈاکٹر چوہدری علی حسین، افتخار اکبر رندھاوا، سیف یار خان، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر اپر پنجاب کے کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی جس میں خواتین بھی نمایاں تھیں۔اپنے خطاب میں ڈاکٹر علی حسین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد رہنماء ہیں جو غریب کارکنوں کو مظلوم عوام کے آواز پہنچانے کیلئے ایوان اقتدار تک پہنچا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ آج جن ذمہ داروں کو تحریکی ذمہ داریاں دی جارہی ہیں وہ تحریک کے اعتماد پر پورا اتریں گے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فلسفے ''عملیت پسندی وحقیقت پسندی'' کے پیغام کو پنجاب کے مظلوم عوام تک پہنچائیں گے۔افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پورے پاکستانیوں کی جماعت ہے جس میں تمام قومیتوں اور مذاہب کے لوگ شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اردو بولنے والوں کے حقوق کے ساتھ دیگر قومیتوں کے حقوق کیلئے آواز اٹھائی اور مہاجر قومی موومنٹ کو متحدہ قومی موومنٹ میں تبدیل کیا۔سیف یار خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک بہترین سسٹم کی حامل جماعت ہے جس کا نظم وضبط مثالی مانا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم پنجاب میں آئے ہیں تاکہ یہاں کے مظلوم عوام کو متحدہ کے پلیٹ فارم میں شامل کر کے ان کے حقوق دلاسکیں اور یہی قائد تحریک جناب الطاف حسین کا مشن ومقصد ہے۔الطاف زیدی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ قائد تحریک الطاف حسین کا سجایا ہوا ایسا گلدستہ ہے جس کی خوشبو سندھ کے ساحلی علاقوں سے نکل کر پورے پاکستان میں پھیل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام آج آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی پھیل چکا ہے اور لوگ جوق درجوق ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں۔قبل ازیں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسن نے ایم کیوایم اپر پنجاب کی 16 رکنی زونل کمیٹی کے اراکین کے ناموں کا اعلان کیا اور نومنتخب زونل کمیٹی کے اراکین کو اپنی اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد دی۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے سانحہ کراچی کے زخمیوں میں امدادی چیک تقسیم کیے
## زخمیوں نے امدادی رقم کے چیک ملنے پر الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں اور شکریہ ادا کیا

کراچی۔۔۔13، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے سانحہ یوم عاشورہ میں بم دھماکہ کے زخمیوں محمد کاشف زیدی ولد احمد حسین زیدی، سید فراج علی زیدی ولد حامد حسین زیدی، نسیم حامد زیدی ولد حامد حسین زیدی، کاشف کمال ولد کمال الدین اور دانش جاوید سے ان کے گھروں پر ملاقات کی

اورقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے ان کی عیادت کی اور خیریت دریافت کرتے ہوئے ان میں امدادی رقم کے چیک تقسیم کیے۔اس موقع پرزخمی افراد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کاشکریہ ادا کیااور کہا کہ جناب الطاف حسین نے دکھ اور پریشانی کی گھڑی میں جس طرح ہماری مدد کی ہے وہ ہمارے لئے قابل اطمینان ہے۔جناب الطاف حسین نے سب سے پہلے امداد کا اعلان کیا تھا جوہمیں ہمارے گھروں پرمل گئی جبکہ اس کے برعکس حکومت کی جانب سے اعلان کردہ رقوم ملنا تو درکنار بلکہ کوئی عیادت کیلئے بھی ہمارے پاس نہیں آیا۔انہوں نے قائدتحریک الطاف حسین کی درازی عمرصحت وتندرستی کیلئے دعائیں کی اوران کاشکریہ ادا کیا۔شاہدلطیف نے بم دھماکہ کے زخمیوں سے پوری ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔اس موقع پرکراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین اورنارتھ کراچی سیکٹرکمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔واضح رہے کہ اس سے قبل قائدتحریک الطاف حسین کی ہدایت پرخدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب،توصیف خانزدہ،سیدشعیب احمد بخاری،شاہدلطیف اورسلیم تاجک یوم عاشورہ میں بم دھماکے کے شہداء کے لواحقین میں امدادی رقم دے چکے ہیں اوراورمتاثرہ تاجروں کی بحالی اورنذرآتش کی گئی بولٹن مارکیٹ سمیت دیگر مارکیٹوں کی تزین وآرائش کیلئےسٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کے فنڈ میں 50 لاکھ کا چیک بھی دے چکے ہیں۔

## سیاسی جماعتوں کے رہنماءاورحکومتی عہدیدارکراچی میں گینگ وار کے خلاف آپریشن کولسانیت کارنگ دینے سے گریز کریں،بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ مظلوم بلوچوں کےساتھ ہےاور ہمیشہ بلوچوں کےحقوق کیلئے آواز بلند کرتی رہی ہے

کوئٹہ۔۔۔13،جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کے رہنمااورحکومتی عہدیدارکراچی میں گینگ وار کےخلاف آپریشن کولسانیت کارنگ دینے سے گریز کریں۔ایک مشترکہ بیان میں بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ مظلوم بلوچوں کےساتھ ہےاور ہمیشہ بلوچوں کےحقوق کیلئے آواز بلند کرتی رہی ہے جبکہ موقع پرست سیاست دان شروع دن سے ایم کیوایم پرلسانیت کے بے بنیادالزامات عائد کرتے رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں منشیات فروشوں لینڈ مافیا اور ٹارگٹ کلنگ میں ملوث گینگ وار کے جرائم پیشہ افراد کے خلاف آپریشن پراحتجاج بلوچوں سے ہمدردی نہیں بلکہ کراچی میں گینگ وارمیں ملوث جرائم پیشہ افراد کےخلاف آپریشن کولسانی رنگ دے کرمظلوم بلوچ عوام کوایم کیوایم سے بدظن کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ بعض عناصرایک منظم منصوبہ بندی کے تحت کراچی کے حالات کولسانی رنگ دیکرامن وامان کی صورتحال کوخراب کرنے کی سازش کررہے ہیں تاکہ کراچی کےخراب حالات کوجواز بنا کر ملک کوغیرمستحکم کیا جاسکے۔

## منورحسن نے اپنے انٹرویو میں طالبان سے روابط کا کھلا اعتراف کرلیا ہے،طالبان اور جماعت اسلامی ایک ہی سکے کے دورخ ہیں،ارکان سینیٹ جماعت اسلامی پرفی الفور پابندی عائد کی جائے،منورحسن یہ خناس ذہن سے نکال دیں کہ وہ مزید نوجوانوں کونام نہاد جہاد کے نام پربھیج کرمرواسکتے ہیں

کراچی۔۔۔13،جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے جماعت اسلامی کے امیر منورحسن کے انٹرویوجس میں انہوں نے کہا ہے’’جہاد کیلئے پہلے بھی افغانستان گئے تھے طالبان آج بھی بلائیں تو ضرور جائینگے‘‘ تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ منورحسن نے اپنے انٹرویو میں طالبان دہشت گردوں سے روابط کا کھلا اعتراف کرلیا ہےاوراب ملک بھر کےعوام جماعت اسلامی کی نام نہادشریعت کا چہرہ پہچان چکے ہیں اور جان چکے ہیں طالبان اور جماعت اسلامی ایک ہی سکے کے دورخ ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی افغانستان کے بجائے آج پاکستان میں بھی طالبان کے ساتھ نام نہاد جہاد میں حصہ لے رہے ہیں اوراس کے گھروں سے طالبان کے نامی گرامی دہشت گرد پکڑے جاچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ طالبان کی حمایتی جماعت اسلامی اب ملک بھر کےعوام کو جہاد اوراسلام کے نام پرمزید بیوقوف نہیں بناسکتے ہیں اورمنورحسن یہ خناس اپنے ذہن سے نکال دیں کہ وہ نام نہاد جہاد کے نام پرملک کے معصوم وبے گناہ نوجوانوں کے مذہبی جذبات بھڑکا انہیں مزید مروانے کیلئے بھیج سکتے ہیں کیونکہ جماعت اسلامی کے مکروہ عزائم کوملک بھر کےعوام اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے ہیں اور طالبان دہشت گردوں کومسترد کرچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ منورحسن طالبان دہشت گردوں کے حق میں بیانات دیکر دہشت گردوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے مسلح افواج،سیکورٹی فورسزاور بے گناہ عوام،خواتین اور بچوں کے سوگوارلواحقین پرنمک پاشی کا عمل بند کریں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی لاشوں

پر سیاست کرتی آئی ہے اور جہاد اور اسلام کے نام پر ہزاروں نوجوانوں کو مروا چکی ہے اور اب جماعت اسلامی ملک بھر کے عوام میں طالبان کے خلاف پائی جانے والی نفرت کو نہ تو مذہبی جذبات بھڑکا کر ختم کر سکتی ہے اور نہ ہی ملک وقوم کو مزید نقصان پہنچا سکتی ہے اور اس کے کھلے مذموم عزائم دیکھ کر ملک بھر کے پرامن اور محبّ وطن عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ منورحسن افغانستان میں طالبان کی حمایت کر رہے ہیں تو پاکستان میں موجود طالبان کی جانب سے خودکش بم دھماکوں کی کھل کر حمایت کیوں نہیں کر رہے ہیں؟ کیا پاکستان میں طالبان کی جانب سے بے گناہوں کا لہو بہانا جماعت اسلامی کی نظر میں جائز ہے؟ جماعت اسلامی طالبان کے تحفظ کی جنگ لڑ رہی ہے یا ملک وقوم کو عدم استحکام کرنے کے درپے ہے؟ حق پرست ارکان سینٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور ارباب اختیار واقتدار سے مطالبہ کیا ہے کہ منورحسن کی جانب سے طالبان کی حمایت کے کھلے بیان کا سختی سے نوٹس لیا جائے، جماعت اسلامی پر فی الفور پابندی عائد کی جائے اور عوام کو جماعت اسلامی اور طالبان کے شر سے محفوظ رکھنے کیلئے عملی اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

## گلشن معمار اور حب سے دہشت گردوں کی گرفتاریوں نے الطاف حسین کے مئوقف کی سچائی کو ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا، ارکان قومی اسمبلی
## نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں نے طالبانائزیشن کے زمینی حقائق چھپا کر کراچی کو دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑنے کی سازش کی تھی

کراچی۔۔۔13، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی کے علاقے گلشن معمار سے ایک خطرناک دہشت گردکی بموں کے ذریعے دھماکہ کرنے والی ڈیوائسز اور بھاری اسلحہ سمیت گرفتاری اور حب سے لشکر جھنگوی اور تحریک طالبان کے 6 دہشت گردوں کی گرفتاریوں کو کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے مئوقف کی ایک اور سچائی قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گرفتار ہونے والے دہشت گرد کراچی میں لائے جانے والے اسلحہ کے ذریعے خونریزی کرنا چاہتے تھے اور پولیس ہیڈکوارٹر پر حملوں کی منصوبہ بندی کر رہے تھے جو ہر محبّ وطن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے انکار کرنے والے نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں نے زمینی حقائق چھپا کر کراچی کو دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑنے کی گھناؤنی سازش کی تھی اور وہ اس گھناؤنی سازش میں برابر کے حصے دار ہیں اور آج عوام سمجھ چکے ہیں صرف متحدہ قومی موومنٹ ہی وہ واحد جماعت ہے جو دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے عفریت کے خلاف عملی طور پر سرگرم ہیں اور ملک وقوم کو اس عفریت سے نجات دلانے کیلئے ہر طرح کے تعاون اور مدد کی پیشکش کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے مختلف علاقوں سے متعدد طالبان کمانڈروں اور دہشت گردوں کی خودکش جیکٹوں اور اسلحہ وگولہ بارود سمیت گرفتاریوں نے عوام کے سامنے حقائق کو بے نقاب کر دیا ہے اور وہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کے مذموم عزائم کو سمجھ چکے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کراچی اور اس کے عوام طالبانائزیشن کے خلاف متحد ہیں اور دہشت گردوں کے مذموم عزائم کے آگے ہرگز سر نہیں جھکائیں گے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں دہشت گردوں کا ہمت اور شجاعت سے سامنا کرنے کیلئے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں کے چہرے طالبان دہشت گردوں کی گرفتاریوں کے سبب بے نقاب ہو رہے ہیں اور ان کے عزائم کھل کر سامنے آ رہے ہیں جو ملک وقوم کو استحکام پہنچانے کے بجائے اس کی سالمیت کے صریحاً خلاف ہیں۔ارکان قومی اسمبلی نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور اہلکاروں کو دہشت گردوں کی گرفتاریوں پر خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ دہشت گردی کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم وحوصلے بلند ہیں۔

## شہر میں بسوں اور منی بسوں میں جرائم پیشہ عناصر کی ڈکیتیوں اور قتل وغارتگری کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی
## لینڈ اور ڈرگ مافیا کے تحت جرائم کے اڈوں سے جرائم پیشہ عناصر بسوں اور منی بسوں میں مسافروں سے لوٹ مار کا عمل کر رہے ہیں
## سرکاری ونیم سرکاری اداروں کے محنت کشوں کو جرائم پیشہ عناصر نے نشانہ بنایا ہوا ہے، مہینے کی تنخواہیں تک اسلحہ کے زور پر لوٹ لیتے ہیں

کراچی۔۔۔13، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی کے علاقے قائدآباد میں جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے منی بس میں ڈکیتی اور مزاحمت پر فائرنگ کے نتیجے میں مسافر خاتون سمیت 2 افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ شہر کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ افراد کی بسوں اور منی بسوں میں مسافروں سے لوٹ مار اور قتل وغارتگری کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہر میں لینڈ اور ڈرگ مافیا کے تحت جرائم کے اڈوں سے

جرائم پیشہ عناصر مختلف علاقوں میں بسوں اور منی بسوں میں مسافروں سے لوٹ مار کررہے ہیں، انہیں جمع پونجی سے محروم کررہے ہیں اور مزاحمت پر انہیں فائرنگ کرکے قتل کرنے کا گھناؤنا عمل کررہے ہیں جس سے مسافروں میں شدید عدم تحفظ کا احساس پایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بسوں اور منی بسوں میں جرائم پیشہ عناصر کی کارروائیاں اس وقت اور بڑھ جاتی ہیں جب سرکاری اور نیم سرکاری اداروں سے محنت کش اپنی تنخواہیں لیکر اپنے گھر جارہے ہوتے ہیں، جرائم پیشہ عناصر مہینے کی تنخواہ سے محنت کشوں کو اسلحہ کے زور پر محروم کردیتے ہیں جبکہ شہر میں جاری ان گھناؤنی کارروائیوں کی روک تھام کیلئے کوئی مثبت اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے ہیں۔ ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں بسوں اور منی بسوں میں جرائم پیشہ عناصر کی ڈکیتوں اور قتل وغارتگری کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس کا فی الفور سدباب کیا جائے اور اس میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔

## جاوید کاظمی کے چھوٹے بھائی کے انتقال پر ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔13، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید کاظمی کے چھوٹے بھائی سید عامر کاظمی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے جاوید کاظمی سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆